ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

# کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: اعجاز قمر

| | | | |
|---|---|---|---|
| شمارہ نمبر02 | صفحات04 / قیمت20روپے | ہفتہ 04 مارچ 2023ء، 11 شعبان 1444ھ، 17 پھاگن 2079 | جلد02 |

# جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے قوانین کا ڈرافٹ تیار، آئندہ سینیٹ میں پیش کیا جائے گا

## چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر فقیر حسین کی زیر صدارت اجلاس، قانونی ماہرین ڈاکٹر کنول آمین، خالد مرزا، رضا چوہان اور دیگر کی شرکت

## جامعہ پونچھ کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا، قانون کی بالادستی اور گڈ گورننس کیلئے قوانین کا غیر مبہم ہونا ضروری ہے، وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) قانونی ماہرین پر مشتمل اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے قوانین (Statutes) کا حتمی ڈرافٹ تیار کر لیا ہے جسے جامعہ پونچھ کے آئندہ سینیٹ اجلاس میں باضابطہ منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ کے سابق رجسٹرار اور جامعہ پونچھ کے سینیٹ ممبر ڈاکٹر فقیر حسین کی سربراہی میں قانونی ماہرین پر مشتمل اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے اجلاس کا انعقاد اسلام آباد میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں وائس چانسلر جامعہ (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)



لاہور: ڈاکٹر فقیر حسین کی زیر صدارت جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی قوانین جائزہ کمیٹی کا اجلاس، وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر اور دیگر بھی شریک ہیں

پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس)،
وائس چانسلر ہوم اکنامکس یونیورسٹی لاہور پروفیسر ڈاکٹر کنول
امین، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن آزاد کشمیر خالد محمود
مرزا، ایڈوائزر (اکیڈمکس اینڈ ایکریڈیشن) ہائر ایجوکیشن
کمیشن اسلام آباد محمد رضا چوہان، ایڈیشنل سیکرٹری صدارتی
امور آزاد کشمیر راجہ خالد سلیم، رجسٹرار جامعہ پونچھ پروفیسر
ڈاکٹر عبدالرؤف خان، کنٹرولر امتحانات و ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر
ناصر رحیم، ڈین ہیلتھ سائنسز پروڈاکٹر امتیاز حسین، ڈین
میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر عبد
الخالق، ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ عدنان جاوید، ڈپٹی
رجسٹرار مرتضیٰ انور اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں جامعہ
پونچھ کے قوانین کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا اور اہم
قانونی پیچیدگیوں پر تبادلہ خیالات کیا گیا۔ اس موقع پر
وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے جامعہ کے واضح اور غیر
مبہم قوانین کی اہمیت پر زور دیا اور واضح کیا کہ جامعہ میں
قانون کی بالادستی اور جمہوری روایات کے فروغ کیلئے غیر
مبہم اور واضح قوانین کا ہونا انتہائی ضروری ہے۔ ہم جامعہ

پونچھ میں واضح اور غیر مبہم قوانین کے ذریعے گڈ گورننس کو یقینی بنائیں گے۔انھوں نے کہا کہ ہم آگہی اور قانونی ماہرین کی رہنمائی میں ایسے قوانین تیار کر رہے ہیں جو دیگر جامعات کیلئے بھی مثال ہوں گے۔واضح رہے کہ جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے قوانین (Statutes) کی منظوری گزشتہ 10 سال سے التواء کا شکار تھی۔قوانین میں ابہام کے باعث تقرریوں اور دیگر امور پر عدالتی حکم امتناعی جیسے مسائل کا سامنا تھا۔پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر نے مسئلے کی سنگینی کے باعث جامعہ کے سینئر اساتذہ پر مشتمل کمیٹی قائم کی جس نے قوانین کا مسودہ تیار کر کے سینیٹ میں پیش کیا۔جامعہ پونچھ کی سینیٹ نے اعلیٰ سطح کی کمیٹی قائم کی جو تیار کئے گئے قوانین کا شق وار جائزہ لیا۔یہ قوانین اب حتمی منظوری کیلئے جامعہ پونچھ کے آئندہ سینیٹ اجلاس میں پیش کئے جائیں گے۔